باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified

dailydharti@gmail.com | www.dailydhartiajk.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

جلد02	جمعۃ المبارک 08 دسمبر 2023ء 23 جمادی الاول 1445ھ 25 مگھر 2080	صفحات04 / قیمت20 روپے	شمارہ نمبر232

جامعہ پونچھ میں شہد کی مکھیوں سے متعلق ورکشاپ 11 دسمبر کو ہوگی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی کے زیر اہتمام شہد کی مکھیاں پالنے، مکھیوں کی حیاتیات، ادویات سمیت مکھیاں پالنے کے (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

بنیادی اصولوں کو سمجھنے کیلئے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ 11 دسمبر بروز پیر فیکلٹی آف ایگریکلچر کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوگی۔ایک روزہ فری ورکشاپ میں مقامی فارمرز کو شہد کی مکھیاں پالنے کی تربیت فراہم کی جائے گی۔ورکشاپ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عمر ایاز شیخ نے کہا کہ شہد کی مکھیاں پالنا اور اس کے طریقوں کو جاننا ایک مسلسل عمل ہے۔اس حوالے سے نئی دریافتیں اور مہارتیں سامنے آتی رہتی ہیں۔فارمرز کیلئے ان سے آگہی انتہائی ضروری ہے تاکہ فارمرز کیلئے مکھیوں کی دیکھ بھال میں آسانی ہو اور وہ بہتر نتائج حاصل کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ مکھیوں کی بہتر افزائش کیلئے خوراک کے ریسورس اور جگہ کے انتخاب سمیت دوسری بنیادی باتوں کو سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ورکشاپ کا بنیادی مقصد ان ہی اصولوں سے آگاہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ورکشاپ کا انعقاد فارمرز کیلئے مفت کیا گیا ہے۔مزید معلومات کیلئے فون نمبر 03214050218 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔